علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق ہیں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: شعری اصناف کوڈ(9003) سمسٹر: بہار2026

سطح: بی ایس اُردو

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔(ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1 تا 5)

کل نمبر: 100 **کامیابی کے نمبر: 50**

سوال 1۔ حمد کی اصطلاحی وضاحت کریں اور اردو حمدیہ شاعری کے ارتقائی سفر میں مولانا حالی اور سراج اورنگ آبادی کے فکری و فنی امتیازات واضح کریں۔ (20)

سوال 2۔ غزل کی فنی ساخت کن بنیادی عناصر پر استوار ہے؟ تفصیل سے بیان کریں، نیز خواجہ میر درد کے کلام میں صوفیانہ رنگ و آہنگ کا تجزیہ کریں۔ (20)

سوال 3۔ جنوبی ہند میں نعتیہ شاعری کی روایت کن ادوار سے گزری ہے؟ مختصر جائزہ لیں اور درج ذیل اشعار کی تشریح کریں۔ (10+10=20)

اے مرے شاہِ شرق و غرب! نانِ جویں غذا تری — اے مرے بوریا نشیں! سارا جہاں گدا ترا

سنگ زنوں میں گھر کے بھی، تو نے انھیں دعا ہی دی — دشتِ بلا سے بارہا، گزرا ہے قافلہ ترا

سوال 4۔ اردو ادب میں صنفِ شہر آشوب کا پس منظر بیان کریں اور اٹھارہویں صدی کے کسی ایک اہم شہر آشوب نگار شاعر کے کلام کا تنقیدی جائزہ لیں۔ (20)

سوال 5۔ مرزا غالب کے ہاں جدید شعور رکھنے والے انسان کا تصور کس نوعیت کا ہے؟ وضاحت کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 6تا9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال 1۔ مندرجہ ذیل موضوعات پر جامع نوٹس تحریر کریں۔ (10+10=20)

i۔ یاس یگانہ چنگیزی کی غزل گوئی کے فنی اور فکری پہلو

ii۔ فیض احمد فیض کی غزل میں رومان اور حقیقت کا باہمی امتزاج

سوال 2۔ لکھنوی تہذیب کی نمایاں خصوصیات بیان کریں اور وضاحت کریں کہ یہ تہذیبی عناصر خواجہ علی حیدر آتش کی غزل میں کس طرح منعکس ہوتے ہیں۔ (20)

سوال 3۔ نوحہ، سلام اور مرثیہ میں بنیادی فرق واضح کریں، نیز اردو مرثیہ نگاری میں میر انیس اور مرزا دبیر کے فنی مقام و مرتبے پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال 4۔ صنفِ مثنوی کا تعارف پیش کرتے ہوئے گلزارِ نسیم کے قصے اور اس کے اہم کرداروں کا تجزیاتی تعارف لکھیں۔ (20)

سوال 5۔ اردو قصیدے کے موضوعات، زبان و بیان اور ارتقائی سفر پر گفتگو کریں اور شیخ ابراہیم ذوق کی قصیدہ گوئی کی ادبی اہمیت واضح کریں۔ (20)